ایشین/پیسفک آئلینڈر
ڈومیسٹک وائلنس ریسورس پروجیکٹ (DVRP)
کمیونٹی اویئرنیس ٹول کٹ



ہم کون ہیں

ایشین/پیسفک آئلینڈر ڈومیسٹک وائلنس ریسورس پروجیکٹ (DVRP) 20 سالوں سے خانگی تشدد اور جنسی حملے کے متاثرین کی خدمت انجام دیتا رہا ہے۔ ہمارا مشن ہے ایشین/پیسفک آئلینڈر (A/PI) کمیونٹی میں خانگی تشدد اور جنسی حملے کا پتہ لگانا، اسے روکنا اور اس کا خاتمہ کرنا، جب کہ اس کے متاثرین کو بدسلوکی کے بعد اپنی زندگی کی تعمیر نو کے لیے انہیں با اختیار بنانا۔ ہم ایسی *واحد* ایشیا گیر تنظیم ہیں جو DC میٹرو ایریا میں ثقافتی لحاظ سے اور لسانی اعتبار سے مخصوص خانگی تشدد اور جنسی حملے سے متعلق خدمات فراہم کرتی ہے۔ ہمارا عملہ، وکلاء اور رضاکاران مجموعی طور پر چینی، ویتنامی، ٹیگالوگ، اردو اور ہندی سمیت 20 سے زیادہ A/PI زبانیں، بولتے ہیں۔

ہم سروائیور سنٹرڈ (survivor-centered) ہیں۔ ہم سروائیور رن (survivor-run) ہیں۔

سروائیور سنٹرڈ کیا ہے؟ ہم متاثرین سے وہاں پر ملاقات کرتے ہیں جہاں پر وہ موجود ہیں، نہ کہ جہاں ہم انہیں بلانا چاہتے ہیں۔ ہمارے کام کی اساس متاثرین کے تجربات، ضروریات اور ترجیحات پر ہے۔ DVRP سروائیور رن بھی ہے: ہمارے پاس عملہ میں، ہمارے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں اور وکلاء اور رضاکاران کی حیثیت سے بھی متاثرین موجود ہیں۔

DVRP کا **سروائیور سروسز پروگرام [Survivor Services Program (SSP)]** خانگی تشدد اور جنسی حملے کے A/PI متاثرین کو براہ راست خدمات فراہم کرتا ہے۔ ہمارے کل وقتی کیس مینیجرز، جنہیں دو لسانی وکلاء کا تعاون حاصل ہے، نسلیت، مذہب، جنسی رجحان، وغیرہ سے قطع نظر، خواتین اور مردوں کی خدمت انجام دیتے ہیں۔ SSP کی خدمات میں تحفظ کی منصوبہ بندی، پناہ گاہ کی بابت معلومات اور ان کے حوالے، قانونی اور سماجی خدمات (جیسے کھانا، کپڑا، ذہنی صحت اور منشیات کے بیجا استعمال سے متعلق خدمات) شامل ہیں۔

آؤٹ ریچ پروگرام (Outreach Program) خانگی تشدد اور جنسی حملے سے متعلق آگہی کو بڑھانے کے لیے کمیونٹی میں کام کرتا ہے۔ ہم صحت مندانہ تعلقات فروغ دے کر، رضامندی کی اہمیت پر زور دے کر اور کہیں بھی اور ہر جگہ آؤٹ ریچ سے متعلق مواد تقسیم کر کے یہ کام کرتے ہیں تاکہ لوگوں کو ہماری خدمات کے بارے میں معلوم ہو جائے۔

ہمارا **تربیت اور تکنیکی اعانت کا پروگرام (Training and Technical Assistance Program)** مین اسٹریم خدمت فراہم کنندگان اور کمیونٹی قائدین کے شانہ بشانہ کام کرتا ہے تا کہ خانگی تشدد اور جنسی حملہ کے A/PI متاثرین کی خدمت انجام دینے کی ان کی اہلیت کو مستحکم بنایا جائے۔ DVRP، خدمت فراہم کنندگان کو A/PI متاثرین کو جواب دیتے وقت بہترین طرز عمل کی بابت ترتیب، ثقافتی لیاقت، DV اسکریننگز اور A/PI کمیونٹی میں حساس عنوانات کے ساتھ مخصوص دیگر تربیت فراہم کرتا ہے۔

کمیونٹی اویئرنیس ٹول کٹ کا مقصد

2014 میں DVRP کی A/PI کمیونٹی آؤٹ ریچ اسیسمنٹ نے یہ تعین کیا کہ DC A/PI کمیونٹی (بشمول کمیونٹی کے قائدین اور خدمت فراہم کنندگان) کمیونٹی میں خانگی تشدد اور جنسی حملے کے سلسلے میں مزید فعال بننا چاہتی تھی۔ تاہم، تشخیص کے زیادہ تر شرکاء نے بتایا کہ انہیں مسائل کی بس بنیادی سمجھ بوجھ ہے۔ اس کے علاوہ، وہ بدسلوکی کی نشانیوں کو مستقل طور پر شناخت کرنے کے قابل محسوس نہیں

ہوئے۔ کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام کی روشنی میں یہ ٹول کٹ درج ذیل اہداف پورا کرنے کے لیے تخلیق کیا گیا تھا۔

- خانگی تشدد اور جنسی حملہ کی نشانیوں کو مؤثر طور پر پہچاننے کی A/PI تنظیموں اور کمیونٹی کے قائدین کی اہلیت کو مستحکم کرنا؛ اور
- DVRP کے نام حوالہ کی ایک کارروائی تشکیل دے کر خانگی تشدد اور جنسی حملہ کے تئیں ایک شراکتی معاشرتی ردعمل کی سہولت بہم پہنچانا۔

حال ہی میں، خانگی تشدد اور جنسی حملے کے وسیع پیما واقعات کو پہلے سے کہیں زیادہ ملک گیر شہرت ملتی رہی ہے؛ اس کی وجہ سے تشدد کے تئیں کمیونٹی کے شروع کردہ مزید ردعمل سامنے آ رہے ہیں۔ تاہم اب بھی ہماری متنوع، ارتقاء پذیر A/PI کمیونٹی میں ایسے نمایاں خانے ہیں جن میں خانگی تشدد اور جنسی حملے بدستور نگاہوں سے اوجھل رہتے ہیں۔ متاثرین بدستور خاموش رہتے ہیں، جب کہ بدسلوکی کرنے والے اپنا پرتشدد رویہ جاری رکھتے ہیں۔ ہم میں سے بہت سارے لوگ غلطی سے یہ مان لیتے ہیں کہ ان مسائل کا ہم سے کوئی لینا دینا نہیں ہے کیونکہ ہم کسی ایسے شخص کو نہیں جانتے ہیں جس کو اس کا سامنا ہو رہا ہوتا ہے۔ یا اگر ہم جانتے بھی ہوں تو ہم کسی کے نجی معاملے میں دخل دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوں گے۔
حقیقت یہ ہے کہ خانگی تشدد اور جنسی حملہ ہم میں سے ہر ایک کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ مرد اور عورت۔ بوڑھے اور جوان۔ یک جنسہ اور اغلام باز۔ ہم سب لوگ تشدد کے متاثرین اور اس کے مرتکبین کو جانتے ہیں۔

تبدیلی کی جانب پہلا قدم بڑھانے کے لیے، ہمیں ان خفتہ محرکات کا پتہ لگانا ہے جو ہماری کمیونٹی میں دائمی شکل اختیار کرتے ہیں۔ کچھ انتہائی متعلقہ عوامل میں شامل ہیں:

- **رازداری۔** روایتی طور پر، A/PI کمیونٹی کے بہت سارے اراکین کا ماننا ہے کہ عائلی امور پر عوامی طور پر گفتگو نہیں کی جانی چاہیے۔ یہ تعبیر کہ درون خانہ جو بھی معاملہ پیش آ رہا ہے اس کی شدت سے قطع نظر رازداری برقرار رکھی جانی چاہیے خاندان سے باہر کے لوگوں کی جانب سے مداخلت یا تعاون کے بغیر کنبہ جاتی بدسلوکی کو جاری رکھنے کی اجازت دیتی ہے۔
- **حرمت۔** A/PI کمیونٹی کے کچھ اراکین کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ جنسی رویے پر گفتگو کرنا غیر مناسب ہے۔ نتیجتاً، جنسیت سے تعلق رکھنے والے عنوانات کو ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ جب ہم اجتماعی طور پر جنس کو سمجھنے سے انکار کرتے ہیں تو گویا ہم خاموشی کے بطن میں جنسی لحاظ سے پرتشدد رویے کو پھلنے پھولنے کی اجازت دیتے ہیں۔
- **ندامت۔** خاندان کی عزت عام طور پر A/PI کمیونٹی میں حد درجہ قدر و منزلت رکھتی ہے۔ ہم میں سے بہت سارے لوگ خاندان کے لیے باعث ندامت ہو سکنے والی کسی بھی چیز سے پرہیز کرتے ہوئے اس ناموس کو بچانے کے لیے بہت دور نکل جاتے ہیں۔ بدقسمتی سے، جب ہم متاثرہ شخص کے بہبود اور تحفظ کے بجائے خاندان کے ناموس کو ترجیح دیتے ہیں اس وقت ہم متاثرہ افراد کو خاموش کر رہے اور انہیں امکانی طور پر جان لیوا صورت حال میں مبتلا کر رہے ہوتے ہیں۔
- **متاثرہ فرد کو مورد ا لزام قرار دینا۔** A/PI نسل کی بہت ساری ثقافتوں میں خاندان کے قائدین اور کمیونٹی کے اراکین اکثر متاثرین کے ساتھ پیش آمدہ معاملے کے لیے انہیں ہی مورد الزام قرار دیتے ہیں۔ ہم متاثرین سے پوچھتے ہیں کہ انہوں نے ایسا کیا پہنا تھا، کیا کیا یا کیا کہا تھا جو ان کے ساتھ بدسلوکی کا سبب بنا۔ جب ہم جامع انداز میں متاثرین پر توجہ مرکوز کرتے ہیں تو بدسلوکی کرنے والے/والی کو اس کے اعمال کی کسی بھی جوابدہی سے بری قرار دے دیتے ہیں۔

جب ہم میں سے زیادہ سے زیادہ افراد خانگی تشدد اور جنسی حملے کے پس پردہ محرکات سے واقف ہوں گے، تب ہم اس طرح کے رویے پر اپنی کمیونٹی کے خاموش تحمل کو اتنا ہی زیادہ آہستہ آہستہ تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہم خانگی تشدد اور جنسی حملے کو برداشت کرنے والے آئیڈیاز اور طرز عمل کو چیلنج کر سکتے ہیں۔ ہم ایک ایسی دنیا تعمیر کر سکتے ہیں جو متاثرین کے لیے معاون ہو تاکہ انہیں مزید ندامت یا اکیلے پن کا احساس نہ ہو۔ ہم خانگی اور جنسی تشدد سے پاک ایک دنیا تخلیق کر سکتے ہیں۔

خانگی تشدد کی نشانیوں کو پہچاننا

DVRP کی خانگی تشدد کی تعریف یوں ہے بدسلوک رویے کا ایک ایسا *انداز* جو عشق بازی کے کسی پارٹنر، شریک حیات یا رشتے دار پر **اختیار اور تسلط** حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ یہ کوئی الگ تھلگ واقعہ نہیں ہوتا ہے اور اس میں بدسلوکی کی زبانی، جذباتی، نفسیاتی، جنسی، معاشی،روحانی یا جسمانی شکلیں شامل ہو سکتی ہیں۔ کمیونٹی کے ایک قائد کی حیثیت سے، خانگی تشدد کی نشانیوں کو پہچاننا اور محفوظ اور مناسب ہونے کے وقت اعانت پیش کرنا ضروری ہے۔

ایشین/پیسفک آئلینڈر کمیونٹی میں، عام طور پر یہ مانا جاتا ہے کہ خانگی تشدد صرف جسمانی بدسلوکی ہوتی ہے۔ خراشیں، کٹ جانا اور ٹوٹ پھوٹ تو بدسلوکی کی واضح طور پر نظر آنے والی نشانیاں ہو سکتی ہیں، لیکن سبھی بدسلوک افراد جسمانی بدسلوکی یا صرف جسمانی بدسلوکی کا ہی استعمال نہیں کرتے ہیں۔ کوئی شخص کس طرح دوسرے شخص پر طاقت اور تسلط عائد کر سکتا ہے اس کی چند مثالیں یہ ہیں:

- **معاشی**: مالی امور پر تسلط رکھنا/موقوف کر دینا؛ پارٹنر کو نوکری کرنے یا برقرار رکھنے کی اجازت نہیں دینا۔
- **جذباتی/نفسیاتی**: دشنام طرازی؛ الزام تراشی؛ شرم دلانا؛ نامعقول طور پر جلن؛ چھوڑ کر چلے جانے یا خودکُشی کرنے کی دھمکی دینا؛ پارٹنر کو دوستوں اور خاندان سے الگ تھلگ کر دینا۔
- **جنسی**: پارٹنر کو فحش نگاری دیکھنے پر مجبور کرنا؛ پارٹنر کو جنسی اعمال انجام دینے پر مجبور کرنا۔
- **روحانی**: پارٹنر کو عبادت کی جگہ پر نہیں جانے دینا یا جانے پر مجبور کرنا؛ اس شخص کو بدی کا احساس دلانے کے لیے مذہبی اقتباس استعمال کرنا؛ عبادت کی جگہ پر اس شخص کے بارے میں افواہ پھیلانا۔

ہم یہ اعتراف کرنا چاہتے ہیں کہ خانگی تشدد کی ہر ایک صورتحال اس میں مبتلا افراد کی طرح ہی منفرد ہوتی ہے۔ بدسلوک افراد سانٹھ گانٹھ کی ایسی ترکیبیں بنانے میں تخلیقی ہو سکتے ہیں جو ممکن ہے اوپر ذکر نہ کی گئی ہوں۔ مگر ہم متاثرین کے تئیں ردعمل ظاہر کرنے کا طریقہ جان سکتے ہیں۔ چاہے تماشائی، خدمت فراہم کنندہ یا کمیونٹی کے قائد کی حیثیت سے، ہم متاثرین اور بچوں سمیت خاندان کے دیگر متاثرہ اراکین کے تحفظ اور مستقبل کا تعین کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

تماشائی کی مشغولیت

تماشائی وہ افراد ہوتے ہیں جو امکانی طور پر مضرت رساں صورت حال کو دیکھتے یا اس کے بارے میں سنتے ہیں لیکن انہیں یقینی طور پر پتہ نہیں ہوتا ہے کہ کیا کیا جائے، مداخلت کرنے سے خوف زدہ ہو سکتے ہیں یا اس بات کے منتظر ہو سکتے ہیں کوئی اور شخص پہلے کارروائی کرے۔ ہم سبھی تماشائی ہیں ... آپ بھی ایک تماشائی ہیں! آپ خانگی تشدد اور جنسی حملے کو ختم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں چاہے آپ کمیونٹی کے قائد ہوں، ساتھی کارکن ہوں نگراں ہوں یا مکمل طور پر اجنبی ہوں۔ آپ:

- اس بابت مزید جان سکتے ہیں کہ ہماری کمیونٹیز میں خانگی شدد اور جنسی حملہ کیسا نظر آتا ہے (جیسے نشانیاں)؛
- کسی ایسے متاثر شخص کی بات سن سکتے اور اس کا تعاون کر سکتے ہیں جو کسی فیصلے یا ندامت کے بغیر ہم سے اپنی داستان کا اشتراک کرتا یا کرتی ہو؛
- ہماری کمیونٹی کے بدسلوک اراکین کو جوابدہ قرار دینے کے لیے آواز اٹھا سکتے اور بتا سکتے ہیں؛
- تین Ds (گرین ڈاٹ انیشیٹو کی جانب سے) کا استعمال کر سکتے ہیں:
  - ڈائریکٹ (براہ راست): براہ راست صورت حال کی باز پُرس کریں لیکن اپنے تحفظ کو مقدم رکھیں۔
  - ڈسٹریکٹ (توجہ منتشر کریں): صورت حال میں خلل ڈالنے یا تبدیل کرنے کے لیے انتشار توجہ کا باعث بنیں۔
  - ڈیلیگیٹ (نیابت کریں): دوسرے ایسے افراد کو شامل کریں جو تشدد انجام پانے سے روکنے کی بہتر صورت حال میں ہوں۔
- اگر کوئی شخص بدیہی خطرے کی زد میں ہو تو پولیس کو کال کر سکتے ہیں: اور
- ہمارے ہم عمروں، دوستوں اور اہل خانہ کے بیچ آگہی بڑھا سکتے ہیں۔

متاثرین کے ساتھ کام کرنے کے دوران کے رہنما اصول

- کبھی بھی یہ فرض نہ کریں کہ کوئی متاثرہ شخص کیا چاہتا ہے، اسے کیا درکار ہے یا اسے کیا کرنا چاہیے۔
- اپنے سامان، اقدار اور ترجیحات سے واقف رہیں اور انہیں متاثرہ شخص پر مسلط نہ کریں۔
- یہ جان لیں کہ ایک ہی زبان بولنا یا ایک ہی کمیونٹی سے ہونا کسی شخص کو خانگی تشدد یا جنسی حملے کے بارے میں بولنے کے قابل قرار نہیں دیتا ہے۔
- فرض کرنے سے پہلے چیک کر لیں کہ وسیلہ موجود نہیں ہے (جیسے ویتنامی کمیونٹی میں متاثرین کے لیے مشاورت کی خدمات)۔
- وضاحت طلب سوالات پوچھیں۔
- یاد رکھیں کہ متاثرہ شخص اپنے تجربے میں ماہر ہوتا/ہوتی ہے اور اس کی رہنمائی کی جانی چاہیے۔
- کمیونٹی کے قائد کی حیثیت سے اپنا پیشہ ورانہ کردار یاد رکھیں۔

کلائنٹس کو DVRP کا حوالہ دیں

یاد رکھیں: خانگی تشدد قانون کے خلاف ہے۔ ایشین/پیسفک آئلینڈر کمیونٹیز کو منفرد چیلنجز کا سامنا ہوتا ہے لیکن یہ بات ذہن میں رکھیں کہ کوئی بھی شخص بدسلوکی کیے جانے کا مستحق نہیں ہوتا ہے۔ اگرچہ

متاثرہ شخص کے پاس دستاویزات نہ ہوں، مگر وہ مدد حاصل کر سکتی/سکتی ہے۔ آپ کے علاقے میں دستیاب خدمات کے میں کیس مینیجر سے بات کرنے کے لیے DVRP کو کال کریں۔

DVRP

(202) 833-2233
www.DVRP.org
info@dvrp.org